Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

6دسمبر2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی قوالی گروپ 'فنافی اللہ' کی حضرت سچل سرمست کے مزار پر حاضری

خیرپور۔امریکی قونصل خانے کراچی کے تعاون سے پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے امریکی قوالی گروپ 'فنافی اللہ' نے حضرت سچل سرمست کے مزار پر حاضری دی اور اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔اس موقع پر مزار پر موجود مقامی صوفی گلوکاروں نے سچل سرمست کی شاعری کو صوفیانہ موسیقی کی صورت میں حاضرین کے سامنے پیش کیا۔

'فنافی اللہ' ایک امریکی قوالی گروپ ہے جو چھ امریکی اور چار پاکستانی موسیقاروں پر مشتمل ہے۔یہ گروپ گذشتہ 13 سال سے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک امریکہ، انڈونیشیا، بھارت اور مصر میں اپنے فن کا مظاہرہ کر رہا ہے۔یہ گروپ صوفی موسیقی کے ذریعے امن، بھائی چارے اور باہمی رواداری کے پیغام کو فروغ دینے کی کوشش کر رہا ہے۔

'فنافی اللہ' کا حالیہ دورہ پاکستان امریکی محکمہ خارجہ کے تعاون سے ترتیب دیا گیا ہے جس میں یہ گروپ سندھ اور پنجاب کے مختلف شہروں میں اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ ساتھ قوالی کی تربیتی ورکشاپس بھی منعقد کرے گا۔

#####